# سرگودھا بورڈ 2024ء

## معروضی طرز

1124 انٹر پارٹ (I) — وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ — رول نمبر:________

اصول معاشیات — (سیشن 2020-22 to 2023-25) — پرچہ (I) — دستخط اُمیدوار:________

وقت: 20 منٹ — PAPER CODE : 2541 — کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

**Note:** You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question number. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling up two or more circles will result in zero mark in that question. Write PAPER CODE, which is printed on this question paper, on the both sides of the Answer Sheet and fill bubbles accordingly, otherwise the student will be responsible for the situation. Use of ink remover or white correcting fluid is not allowed.

**سوال 1:**

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | |
|---|---|---|---|---|---|
| مالتھس<br>Malthus | مارشل<br>Marshall | کینز<br>Keynes | ریکارڈو<br>Ricardo | کس معیشت دان نے معاشیات کو "مادی خوشحالی کا علم" کہا؟<br>**Who called economics "Science of material welfare"?** | 1 |
| لامحدود<br>Infinite | مثبت<br>Positive | صفر<br>Zero | منفی<br>Negative | خط طلب کا جھکاؤ ہوتا ہے:<br>**The slope of demand curve is:** | 2 |
| ذخیرہ<br>Stock | افادہ<br>Utility | رسد<br>Supply | طلب<br>Demand | خاص قیمت پر منڈی میں فروخت کے لیے پیش کی جانے والی شے کی مقدار کہلاتی ہے:<br>**The quantity of commodity which is offered for sale at a specific price is called:** | 3 |
| منفی<br>Negative | اُفقی<br>Horizontal | عمودی<br>Vertical | مثبت<br>Positive | قانون تقلیل افادہ مختتم کے خط کا جھکاؤ ہوتا ہے:<br>**The slope of curve law of diminishing marginal utility is:** | 4 |
| اوسط معینہ مصارف<br>Average fixed costs | کل مصارف<br>Total costs | متغیرہ مصارف<br>variable costs | معینہ مصارف<br>fixed costs | معینہ مصارف اور متغیرہ مصارف کا مجموعہ ہے:<br>**The sum of fixed costs and variable costs is:** | 5 |
| تعمیرات<br>Housing | تجارت<br>Trade | زراعت<br>Agriculture | صنعت<br>Industry | قانون تقلیل حاصل کا اطلاق ہوتا ہے:<br>**The application of law of decreasing returns is on:** | 6 |
| وزیر خزانہ<br>Finance Minister | صارف<br>Consumer | حکومت<br>Government | طلب و رسد<br>Equilibrium of demand & supply | مکمل مقابلہ کے تحت شے کی قیمت طے ہوتی ہے:<br>**Under perfect competition the price of commodity is determined by:** | 7 |
| پیگو اور کینن<br>Pigou & Cannon | رابنز اور کینز<br>Robbins & Keynes | مارشل اور جے۔بی کلارک<br>Marshall & J.B. Clark | ایڈم سمتھ اور مالتھس<br>Adam Smith & Malthus | نظریہ مختتم پیداواری پیش کیا:<br>**Marginal productivity theory was presented by:** | 8 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ملکی اور غیر ملکی پیداوار<br>Domestic & Foreign production | زرعی پیداوار<br>Agricultural production | غیر ملکی پیداوار<br>Foreign production | ملکی پیداوار<br>Domestic production | خام قومی پیداوار میں شامل ہوتی ہے:<br>**The Gross National Product includes:** | 9 |
| چار<br>Four | تین<br>Three | دو<br>Two | ایک<br>One | قومی آمدنی کی پیمائش کے طریقے ہیں:<br>**The methods of measuring National income are:** | 10 |
| پروفیسر رابنز<br>Prof. Robbins | پروفیسر مارشل<br>Prof. Marshall | پروفیسر ٹازگ<br>Prof. Taussig | پروفیسر فشر<br>Prof. Fisher | نظریہ مقدار زر کو مساوات کی شکل میں پیش کیا:<br>**Quantity theory of money in the form of an equation was presented by:** | 11 |
| تینوں<br>All of three | ذخیرہ قدر<br>Store of value | مشترک پیمانہ قدر<br>Common measure of value | آلہ مبادلہ<br>Medium of exchange | زر کے فرائض میں شامل ہیں:<br>**Functions of money are:** | 12 |
| بین الاقوامی تجارت<br>International trade | قومی آمدنی<br>National income | تجارتی چکر<br>Trade cycle | عالمی بحران<br>World recession | معاشی سرگرمیوں کے اُتار چڑھاؤ کو کہا جاتا ہے:<br>**The rise and fall in economic activities is called:** | 13 |
| پیگو<br>Pigou | رابنز<br>Robbins | مالتھس<br>Malthus | ریکارڈو<br>Ricardo | بین الاقوامی تجارت کا تقابلی مصارف کا نظریہ پیش کیا:<br>**The theory of comparative cost of international trade was presented by:** | 14 |
| کمرشل پالیسی<br>Commercial policy | تجارتی پالیسی<br>Trade policy | مالیاتی پالیسی<br>Fiscal policy | زری پالیسی<br>Monetary policy | حکومتی آمدنی اور اخراجات سے متعلق پالیسی کہلاتی ہے:<br>**The revenue raising and spending policy of Government is called:** | 15 |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B -8 | A -7 | B -6 | C -5 | D -4 | B -3 | A -2 | C -1 |
| | B -15 | A -14 | B -13 | C -12 | A -11 | C -10 | A -9 |

## انشائی طرز

1124 انٹر پارٹ (I) — وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔ — پرچہ (I)

اصول معاشیات — (سیشن 2020-22 to 2023-25) — کل نمبر: 60

وقت: 2:10 گھنٹے

### (حصہ اوّل)

**سوال 2** درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **6 × 2 = 12**

**Answer briefly any Six parts from the followings.**

(i) کلی معاشیات کی تعریف کیجیے۔
**Define Macro Economics.**

جواب: کلی (Macro) کے معنی بڑے کے ہیں جب معاشی تجزیہ کے لیے معیشت کا بحیثیت مجموعی جائزہ لیا جائے تو اسے کلی معاشیات کہا جاتا ہے۔ اس میں قومی آمدنی، قومی بچت، مجموعی صرف دولت، مجموعی سرمایہ کاری، مجموعی طلب، قیمتوں کی عام سطح وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

Macro means 'large'. When the economic is evaluated as a whole for economic analysis it is called macro economics. It studies National income, National saving, Aggregate consumption wealth, Aggregate investment, Aggregate demand, General price structure etc.

(ii) معاشی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by Economic Problem?**

جواب: پروفیسر رابنز نے اپنی تعریف کی بنیاد زندگی کی درج ذیل چار حقیقتوں پر رکھی ہے:

1- ذرائع متبادل استعمال رکھتے ہیں۔
2- ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔
3- انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔
4- ذرائع محدود ہوتے ہیں۔

پروفیسر رابنز کے مطابق اگر یہ چاروں خصوصیات (حقیقتیں) بیک وقت اکٹھی ہو جائیں تو معاشی مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے ان میں سے اگر کوئی ایک خصوصیت موجود نہ ہو تو معاشی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔

Professor Robbins bases his definition of the quality of life on the following four facts;

1. Sources have alternation uses.
2. Some of these desires are more important and some less important.
3. Human desires are unlimited
4. Resources are limited

According to professor Robbins, if these four characteristics (facts) come together at the same time, then an economic problem arises if any one of the feature does not exist, the economic problem will not arise.

(iii) ابتدائی افادہ اور مختتم افادہ میں فرق بیان کریں۔ **Differentiate between initial utility and marginal utility.**

جواب: کسی شے کی پہلی اکائی کے استعمال سے حاصل ہونے والے افادہ کو ابتدائی افادہ کہا جاتا ہے۔ جبکہ ایک زائد شے کے استعمال سے کل افادہ میں تبدیل کی شرح کو افادہ مختتم کہا جاتا ہے۔

The utility obtained by consuming the first unit of commodity is called initial utility whereas the rate of change in total utility from the consumption of a surplus is called marginal utility.

(iv) تعیشات سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Luxuries?**

جواب: تعیشات سے مراد وہ اشیاء جو ان افراد کے استعمال میں ہوں جن کی آمدنی بہت زیادہ ہو۔

Luxuries means the goods which are used by those individuals whose income is very high.

(v) اشیائے صرف اور اشیائے سرمایہ میں فرق بیان کریں۔ **Differentiate between consumer goods and capital goods.**

جواب: ایسی اشیا جو صارفین اپنے ذاتی استعمال کے لیے خریدتے ہوں اشیائے صرف کہلاتی ہیں جبکہ ایسی اشیا جن سے براہ راست اشیا و خدمات بنائی جائیں ان کو اشیائے سرمایہ کہا جاتا ہے۔

Such goods which consumers buy for their personal use are called consumption of goods, whereas such items from which similar goods and services are made are called capital goods.

(vi) طلب کا مفہوم بیان کریں۔ **Describe the concept of demand.**

جواب: طلب سے مراد کسی شے کے لیے ایسی خواہش ہے جسے پورا کرنے کے لیے صارف کے پاس قوت خرید بھی موجود ہو طلب کی دو شرائط ہیں۔

1- خریدنے کی خواہش 2- قوت خرید

Demand refers to a desire for a commodity that the consumer has the purchasing power to satisfy. There are two terms of demand: 1. Desire to buy 2. Purchasing power

(vii) قانون طلب کے چار مفروضات تحریر کیجیے۔ **Write four assumptions the law of demand.**

جواب: قانون طلب کے مفروضات: **Assumption of law of demand:**

1- صارفین کی پسند نہ بدلے 2- متبادل اشیاء کی قیمتیں نہ بدلیں
3- صارفین کی آمدنی نہ بدلے 4- شے کی تمام اکائیاں یکساں نوعیت کی ہوں

1. Consumer preferences do not change
2. Do not change the prices of substitute items
3. Consumers' income does not change
4. All units of a commodity must be of the some nature

(viii) رسد کے پھیلنے/ پھیلاؤ سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by expansion in supply?**

جواب: قانون رسد کی رو سے جب کسی شے کی قیمت بڑھتی ہے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے۔ اسے رسد کا پھیلنا کہتے ہیں۔

According to law of supply, when the price of a commodity increases its supply increases, it is called extension of supply.

(ix) ذخیرہ سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Stock?**

جواب: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے سٹاک (ذخیرہ) کہتے ہیں۔

The total quantity of a commodity that is available to sellers in the market at any one time is called stock.

**سوال 3:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ $6 \times 2 = 12$

**Answer briefly any Six parts from the followings:-**

(i) کل پیداوار کی تعریف کریں۔ **Define total product.**


جواب: استعمال کی جانے والی محنت کی تمام اکائیوں کی مدد سے حاصل ہونے والی پیداوار کو کل پیداوار کہا جاتا ہے۔

The output obtained with the help of all the units of labour employed is called total productivity.

CamScanner

(ii) قانون یکسانی حاصل کا خط بنائیں۔

**Draw a graph of law of constant returns.**




(iii) مختتم وصولی سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by marginal revenue?**

جواب: مختتم وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی ایک زائد اکائی فروخت کرنے سے حاصل ہوتی ہے یا پیداوار کی ایک مزید اکائی فروخت کرنے سے کل وصولی میں جس قدر اضافہ ہوتا ہے مختتم وصولی کہلاتی ہے مثلاً اگر فرم کو 100 میٹر کپڑا فروخت کرنے پر کل 1000 روپے حاصل ہوں اور 101 میٹر کپڑا فروخت کرنے پر کل 1008 روپے حاصل ہوں تو مختتم وصولی = 1008 - 1000 = 8 روپے ہوگی۔

Marginal revenue refers to the amount that firm earns from selling an excess unit of its output or the amount by which total is increased by selling an additional unit of output are called marginal revenue. For example, if a firm earns a total of Rs. 1000 for selling 100 meters of cloth, and if 101 meters of cloth are sold, total Rs. 1008 will be received, then the marginal revenue will be = Rs. 1008 – 1000 = Rs. 8.

(iv) عرصہ طویل کی تعریف کریں۔

**Define long run.**

جواب: عرصہ طویل سے مراد ایسا وقت لیا جاتا ہے جس میں فرم اپنا سائز یا جسامت تبدیل کر سکے یعنی اس عرصہ میں فرم اپنے معینہ عاملین پیدائش میں بھی تبدیلی کر سکتی ہے دوسرے لفظوں میں تمام عاملین پیدائش متغیر ہوتے ہیں۔

Long run refers to the time in which the firm can change its size or i,e. in this period the firm is also in its defined factor of production can change in other words, all factors of production are variable.

(v) مصارف پیدائش سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by cost of production?**

جواب: مصارف پیدائش سے مراد وہ مصارف ہیں جنہیں ایک فرم کو اپنی پیداوار کے لیے ہر حال میں برداشت کرنا پڑتا ہے۔

Cost of production means the costs which a firm has to bear under all circumstances for its production.

(vi) محنت کی حرکت پذیری کو بڑھانے والے چار عوامل لکھیں۔

**Write four factors of mobility of labour.**

جواب: محنت کی حرکت پذیری بڑھانے والے چار عوامل درج ذیل ہیں:

The four factors of mobility of labour are as follows:

1- ترقی کے مواقع 2- جسمانی صحت 3- آب وہوا 4- کام کے اوقات

1. Opportunity of promotion 2. Physical health 3. Climate 4. Duration of work

(vii) اُجرت کی تعریف کریں۔

**Define wages.**

جواب: ایسا معاوضہ جو ایک آجر اپنے ملازم کو اس کی خدمات کے بدلے دیتا ہو وہ اجرت کہلاتا ہے۔

The remuneration paid by an employer to his employee in return of his services is called wages.

(viii) آجر کے چار فرائض لکھیں۔

**Write four functions of entrepreneur.**

جواب: 1- کاروبار کا انتظام کرنا 2- کاروبار کا خاکہ تیار کرنا 3- دیگر عوامل کے معاوضے ادا کرنا 4- عوامل پیدائش کا اشتراک

1. Managing the business
2. Developing a business outline
3. Paying compensation to other factors
4. Factors joint production

(ix) اجارہ دار فرم کی دو مثالیں تحریر کریں۔

**Give two examples of monopolistic firm.**

جواب: 1- واپڈا 2- سٹیٹ بینک آف پاکستان

1. WAPDA 2. State Bank of Pakistan

**سوال 4:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **6 × 2 = 12**

**Answer briefly any Six parts from the followings:-**

(i) فی کس آمدنی کی تعریف کریں۔

**Explain per capita income.**

جواب: اوسط آمدنی کو فی کس آمدنی کہا جاتا ہے جب قومی آمدنی کو کل آبادی پر تقسیم کیا جاتا ہے تو فی کس آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

Average income is called per-capita income when the national income is divided by the total population the per, capita income is obtained.

$$\frac{\text{National Income قومی آمدنی}}{\text{Total Population کل آبادی}} = \text{Per-capita income فی کس آمدنی}$$

(ii) قومی آمدنی کی پیائش کی دو مشکلات تحریر کریں۔

**Write any two difficulties to measure national income.**

جواب: 1- انتقالی ادائیگیاں Transitional payments 2- غیر قانونی آمدنی Illegal Income

CamScanner

(iii) زر کی تعریف کریں۔
What is the concept of money?

جواب: ''ہر وہ شے زر کہلاتی ہے جسے آلہ مبادلہ کی حیثیت سے قبول عامہ حاصل ہو اور جو ساتھ ہی ساتھ پیمائش قدر اور ذخیرہ قدر کا کام سرانجام دے۔''

Every commodity is called money which is accepted by the public as a medium of exchange and which at the same time performs the functions of measuring value and storing value.

(iv) بارٹر سسٹم سے کیا مراد ہے؟
What is meant by barter system?

جواب: بارٹر سسٹم سے مراد ہے ایک چیز کا دوسری چیز کے بدلے میں براہ راست تبادلہ جبکہ اس میں زر کو بطور آلہ مبادلہ استعمال نہ کیا جائے۔

Barter system means direct exchange of one good with another good while money is not used as a medium of exchange.

(v) تجارتی چکروں کی چار خصوصیات بیان کریں۔
Write four (4) characteristics of trade cycle.

جواب: 1- تجارتی چکر کے مختلف ادوار ایک دوسرے کا تعاقب باقاعدہ وقفوں سے کرتے ہیں۔ 2- تجارتی چکر کے ادوار کے درجہ میں فرق ہوتا ہے۔
3- تجارتی چکروں کے ادوار کے تمام شعبوں پر یکساں اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ 4- تجارتی چکر بین الاقوامی نوعیت کے ہوتے ہیں۔

1. Different phases of the business cycle follow each other at regular intervals.
2. There is a difference in the level of the phases of the business cycles.
3. Phases of business cycles have similar effects on all sectors.
4. Trade cycles are international in nature.

(vi) بین الاقوامی تجارت کے چار فوائد لکھیں۔
Write down four advantages of international trade.

جواب: 1- قلت کے زمانہ میں اشیاء کی دستیابی 2- عالمی امن کا قیام 3- تیز رفتار معاشی ترقی کا حصول 4- غیر ملکی اشیاء کا حصول

1. Availability of commodity in times of scarcity
2. Establishment of world peace
3. Achieving rapid economic growth.
4. Acquisition of foreign goods

(vii) توازن تجارت سے کیا مراد ہے؟
What is meant by balance of trade?

جواب: ایک ملک کی سال بھر کی مرئی برآمدات کی مالیت اور مرئی درآمدات کی مالیت کا حساب کتاب توازن تجارت کہلاتا ہے۔

The calculation of the value of a country's annual tangible exports and the value of its tangible imports is called the balance of trade.

(viii) براہ راست ٹیکس سے کیا مراد ہے؟
What is meant by direct tax?

جواب: ایسا ٹیکس جو جس پر لاگو ہو وہی ادا کرتا ہے آگے منتقل نہیں کر سکتا براہ راست یا بلاواسطہ ٹیکس کہلاتا ہے۔ مثلاً انکم ٹیکس۔

A tax which is paid by the same on whom it is applicable and cannot be carried forward is called a direct tax. For example income tax.

(ix) زکوٰۃ اور عشر میں فرق واضح کریں۔
Differentiate between Zakat and Ushar.

جواب: زکوٰۃ سے مراد ایک صاحب نصاب مسلمان کے ذمہ وہ لازم واجبات ہیں جو وہ مذہبی فریضے کے طور پر اپنے مال میں سے مقرر کردہ شرح کے مطابق مستحقین کو اسلامی حکومت کی وساطت سے یا براہ راست ادا کرتا ہے جبکہ زمین کی پیداوار سے اگر منافع حاصل کرنا مقصود ہو تو اس پیداوار کی زکوٰۃ فرض ہے اور یہ زکوٰۃ عشر کہلاتی ہے۔

Zakat refers to the mandatory obligations of a Muslim which is a religions duty, which he pays from his wealth directly to the beneficiaries according to the prescribed rate through the mediation of the Islamic government, while profit is intended from the production is obligatory and this is called zakat ushar.

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ $3 \times 8 = 24$

Note: Attempt any three questions.

**سوال 5:** قانون رسد کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کریں۔

Explain Law of Supply with the help of schedule and graph.

**سوال 6:** قانون تکثیر حاصل کی وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کیجیے۔

Explain Law of increasing return with the help of schedule & diagram.

**سوال 7:** پروفیسر رابنز کی معاشیات کی تعریف کا تنقیدی جائزہ لیں۔

Describe the critical analysis of Prof. Robbin's definition economics.

**سوال 8:** زر کے فرائض بیان کیجیے۔

Explain the functions of money.

**سوال 9:** ٹیکس عائد کرنے کے اصول بیان کریں۔

State the canons of taxation.

CamScanner